اپنی اپیل کو دائر کرنا اور اسے بے عیب بنانا

جب آپؔ نے آر پی ڈی سے تحریری طور پر ان کے فیصلے کی وجوحات وصول کیں، اس تاریخ سے لے کر 15 دن کے اندر اور اس سے مزید دیر نہ کرتے ہوئے

- آپ کے لئے ضروری ہے کہ تحریری طور پر نوٹس آف اسسمینٹ مکمل کریں۔ ان اہم ہدایات کے ساتھ اپیل کا ایک کورا نوٹس آف اپیل منسلک ہے۔
- آپ کو لازمی طور پر ریفیوجی اپیل ڈویژن (RAD) کی رجسٹری میں اپنےاپیل کے نوٹس کی تین کاپیاں (یا صرف ایک اگر الیکٹرانک طور پر جمع کی گئیں) فراہم کرنا ہوں گی۔
- ضروری ہے کہ ہر وہ شخص جو آپ کے ساتھ اپیل کررہا ہے وہ نوٹس آف اپیل کی فہرست میں شامل ہو یا فیصلے کے خلاف اپیل کرنے والے ہر شخص کا نوٹس آف اپیل RAD کو فراہم کیا جائے۔

آپ کو آر پی ڈی فیصلے کی تحریری وجوہات موصول ہونے کے بعد سے ۴۵ دن کے اندر اندر، اس سے دیر نہیں

- آپ کے لئے ضروری ہے کہ اپیلینٹس رکارڈ(Appellant’s Record) یعنی اپیل کنندہ کا رکارڈ مکمل کریں۔
- آپ کو لازمی طور پر RAD کو اپنے اپیل کنندہ کے ریکارڈ کی دو کاپیاں (یا صرف ایک اگر الیکٹرانک طور پر پیش کی گئیں) فراہم کرنی ہوگی۔
- جو دستاویزات اور معلومات اپیلینٹس رکارڈ میں شامل کی جانی ہیں وہ آپکو اپیلینٹس گائڈ پر مل سکتی ہیں۔

براہِ کرم نوٹ کیجیئے: اگر آپ نوٹس آف اپیل ، اپیلینٹس رکارڈ کے داخلے کی مدّت کی معیاد کی حد کے بعد فائل کرتے ہیں، تو آپ کی اپیل مسترد کی جا سکتی ہے۔

فائل کرنے کے وقت کو بڑھانے کی درخواست:

نوٹس آف اپیل اور اپیلینٹس رکارڈ دونوں کے فائل کرنے کے وقت کو بڑھانا

اگر آپ اپنا نوٹس آف اپیل اور اپیلینٹس رکارڈ وقت پر فائل نہیں کر پائے، تو آپکو وقت بڑھانے کے لئے آر اے ڈی کو درخواست دینی ہوگی۔ اس درخواست میں، ضروری ہے کہ آپ تاخیر کی وجوحات دیں۔ ضروری ہے کہ وقت بڑھانے کی درخواست آر اے ڈی کے ضوابط 6 اور 37 کی تقلید کرے۔

آپ کے لئے ضروری ہے کہ اپنی درخواست کے ساتھ اپنی نوٹس آف اپیل کی تین کاپیاں (یا صرف ایک اگر الیکٹرانک طور پر پیش کی گئیں) فراہم کریں۔ اپنی درخواست کی تقویت کے لئے آپ کو ایک حلف نامے یا قانونی اقرار نامے کی بھی ضرورت ہے۔

اپیلینٹس رکارڈ فائل کرنے کے لئے وقت بڑھانا

اگر آپ نے وقت پر اپنا نوٹس آف اپیل فائل کردیا لیکن اپیلینٹس رکارڈ جمع نہیں کر پائے ، تو آپ کو وقت بڑھانے کے لئے آر اے ڈی کو درخواست دینی ہوگی۔ اس درخواست میں، آپ کے لئے ضروری ہے کہ اپنی اپیل کی دستاویزات داخل دفتر کرانے میں تاخیر کی وجوحات دیں۔ ضروری ہے کہ وقت بڑھانے کی درخواست آر اے ڈی کے ضوابط 6 اور 37 کی تقلید کرے۔ اپنی درخواست کی تقویت کے لئے آپ کو ایک حلف نامے یا قانونی اقرارنامے کی بھی ضرورت ہے۔

اپنی اپیل کی دستاویزات کہاں فائل کرنی ہیں

آپ کے لئے ضروری ہے کہ اپنی دستاویزات آر اے ڈی رجسٹری آفس کو فراہم کریں جو اسی علاقے میں واقع ہے جہاں رفیوجی پروٹیکشن ڈویژن رجسٹری آفس ہے جس نے فیصلے کا نوٹس آپ کو فراہم کیا تھا.

کونسل یعنی وکیل

ہوسکتا ہے کہ آپ فیصلہ کریں کہ اپیل کے لئے آپ کو کونسل کی مدد کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کا کونسل آپ سے فیس یا دیگر ادائیگی چارج کررہا ہے، تو ضروری ہے کہ وہ ایک صوبے کی لاء سوسائٹی (وکلا یا قانونی صلاح کار)، کیوبک میں نوٹریز کے چیمبر (Chambre des notaires du Québec)، یا کینیڈا امیگریشن کنسلٹینٹس آف کینیڈا ریگولیٹری کونسل (Immigration Consultants of Canada Regulatory Council) کے پائیدار رُکن ہوں۔ اگر آپ کا کونسل فیس چارج نہیں کررہا، تو ضروری ہے کہ آپ فیس یا دوسری مراعات کے بغیر نمائندگی کے نوٹس (Notice of Representation Without a Fee or Other Consideration) کا فارم مکمل کرکے منسٹر اور آر اے ڈی کو جتنی جلدی ممکن ہو فراہم کریں۔

اگر آپ نے وکیل رکھا ہے، تو یہ یقینی بنانا آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپکا وکیل ڈیڈلائنز یعنی کام کی تکمیل کی مقررہ آخری تاریخوں کی پابندی کرے۔

زبان

نوٹس آف اپیل آپ اپنی منتخب کردہ کینیڈا کی سرکاری زبان (انگریزی یا فرانسیسی) میں حاصل اور مکمل کرسکتے ہیں۔ کسی دوسری زبان میں کوئی دستاویز انگریزی یا فرانسیسی ترجمے کے ساتھ اور ترجمہ کے متعلق مترجم کے دستخط کردہ تصدیق کے ساتھ فراہم کرنا لازمی ہے۔

انگریزی اور فرانسیسی زبانوں کے درمیان انتخاب کرنے اور اگر آپ کی اپیل پر زبانی سماعت کا حکم دیا گیا ہے تو ایک مترجم کی درخواست کے لئے آئی آر بی کے ویب سائٹ میں موجود اپیلینٹس گائیڈ یعنی اپیل کنندہ کا ہدایت نامہ مزید معلومات فراہم کرتا ہے۔

آپ کی معلومات کا اشتراک دوسری تنظیموں کے ساتھ کیا جا سکتا ہے

اپیل کی کاروائی میں آپ کی فراہم کردہ ذاتی معلومات امیگریشن اینڈ رفیوجی پروٹیکشن ایکٹ یعنی امیگریشن اور پناہ گزینوں کے تحفظ کے قانون *(Immigration and Refugee Protection Act)* کے اختیارات کے تحت آر اے ڈی (RAD) کے سامنے آپ کی اپیل پر فیصلہ کرنے کے مقصد سے اکھٹی کی جاتی ہیں۔ *امیگریشن اینڈ رفیوجی پروٹیکشن ایکٹ* کو نافذ کرنے اور اس کی تعمیل کے مقصد کے لئے آپ کی ذاتی معلومات کا اشتراک دوسری تنظیموں کے ساتھ کیا جا سکتا ہے، بشمول کینیڈا کی بارڈر سروسز ایجنسی (Canada Border Services Agency)، امگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا (Immigration, Refugees and Citizenship Canada) ، کینیڈا سیکیورٹی انٹیلیجینس سروس (Canadian Security Intelligence Service) اور قانون نافذ کرنے کی ایجنسیاں۔

اپیلینٹس کِٹ (Appellant's Kit) میں مزید معلومات اور فارمس دستیاب ہیں

ریفیوجی اپیل ڈوژن رولز (آر اے ڈی رولز) کی رسائی ڈپارٹمینٹ آف جسٹس کینیڈا کے ویب سائٹ پر مل سکتی ہیں۔

اگر آپ کی پرنٹر تک رسائی نہیں ہے تو، اپیلینٹس کِٹ کی پیپر کاپی فراہم کرنے کے لیئے براہِ کرم سب سے قریبی آئی آر بی آفس میں خود حاضر ہویئے۔